10 اپریل 2019ء

مالی سال19ء کے پہلے نو ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 16.1 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 19ء کے پہلے نو ماہ (جولائی تا مارچ) میں 16096.33 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جو گذشتہ برس کی اسی مدت میں موصول ہونے والے 14802.96 ملین ڈالر کے مقابلے میں 8.74 فیصد نمو کو ظاہر کرتا ہے۔

مارچ 2019ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1745.80 ملین ڈالر رہی جو فروری 2019ء کے مقابلے میں 10.73 فیصد زائد جبکہ مارچ 2018ء کے مقابلے میں 3.20 فیصد کم ہے۔ بلحاظ ملک مارچ 2019ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 405.87 ملین ڈالر، 378.14 ملین ڈالر، 271.11 ملین ڈالر، 281.26 ملین ڈالر، 167.80 ملین ڈالر، اور 44.20 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ مارچ 2018ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 427.62 ملین ڈالر، 424.89 ملین ڈالر، 247.17 ملین ڈالر، 258.96 ملین ڈالر، 183.79 ملین ڈالر اور 58.91 ملین ڈالر تھیں۔ مارچ 2019ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 197.41 ملین ڈالر رہیں جبکہ مارچ 2018ء میں ان ملکوں سے 202.26 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

******